مجموعہ

خلق کو وہ فیض بخشا علم سے بس کیا کہوں
علم کا دریا بہایا اے امام احمد رضا

رسائلِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

تصنیفِ لطیف

امام اہل سنت مجدد اعظم دین وملت اعلحضرت عظیم البرکت سیدنا الشاہ امام **احمد رضا خاں** فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مرتب
مفتی جسٹس سیّد شجاعت علی قادری

نام کتاب ——— مجموعہ رسائل اعلیٰ حضرت (جلد اوّل) (جلد دوم)

از قلم ——— امام اہل سنت مجدد اعظم دین و ملت اعلیٰحضرت عظیم البرکت سیدنا الشاہ امام احمد رضا خاں رضی اللہ تعالیٰ عنہ فاضل بریلوی

مرتب ——— مفتی جسٹس سید شجاعت علی قادری

پروف ریڈنگ ——— محمد نعیم اللہ خاں قادری (بی ایس سی۔ بی ایڈ ایم اے اردو)

تعداد ——— 800

صفحات ——— 568

ہدیہ ——— 440

- صراط مستقیم پبلی کیشنز ○ کتب خانہ امام احمد رضا
- مکتبہ قادریہ ○ مسلم کتابوی ○ کرمانوالہ بک شاپ
- مکتبہ بہار شریعت قادریہ دربار مارکیٹ لاہور
- شبیر برادرز ○ نظامیہ کتاب گھر اُردو بازار لاہور

حیدث ۱۸۸۱) واللفظ لہ' عن عبداللہ بن عمر و ابن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما اما ابو داود فتا دب دکنّی وقال فذکر تشدیدا فی ذالک و اما عبدالرحمٰن ذہے لتبلیغ العلم و اداء الحدیث علٰی وجہہٖ لِکُلٍّ وَّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا

یہ تو حدیث کا ارشاد ہے، اب ذرا عقائدِ اہلسنت پیشِ نظر رکھتے ہوئے نگاہِ انصاف درکار، عورتوں کا قبرستان جانا غایت درجہ اگر ہے تو معصیت ہے اور ہرگز کوئی معصیت مسلمان کو جنت سے محروم اور کافر کے برابر نہیں کرسکتی۔ اہلسنت کے نزدیک مسلمان کا جنت میں جانا واجب شرعی ہے اگرچہ معاذ اللہ مؤاخذے کے بعد اور کافر جنت میں جانا محال شرعی کہ ابد الآباد تک کبھی ممکن ہی نہیں ،اور نصوص کو حتی الامکان ظاہر پر محمول کرنا واجب اور بے ضرورت تاویل ناجائز اور عصمت، نوعِ بشر میں خاصہ حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثنا ہے۔

ان کے غیر سے اگرچہ کیسا ہی عظیم الدرجات ہو، وقوعِ گناہ ممکن و متصور، یہ چاروں باتیں عقائد اہلسنت میں ثابت ومقرر، اب اگر بحکم مقدمہ رابعہ مقابر تک بلوغ فرض کیجئے تو بحکم مقدمہ ثالثہ جزا کا ترتب واجب اور اس تقدیر پر کہ حضرت عبدالمطلب کو معاذ اللہ غیر مسلم کہیے بحکم مقدمتین اولین و نیز بحکم آیت کریمہ محال و باطل، تو واجب ہوا حضرت عبدالمطلب مسلمان و اہل جنت ہوں۔ اگرچہ مثل صدیق وفاروق و عثمان وعلی و زہرا و صدیقہ وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم' سابقین اولین میں نہ ہوں۔ اب معنی حدیث بلا تکلف اور بے حاجت تاویل وتصرف عقائد اہل سنت سے مطابق ہیں۔ یعنی